## ایم کیوایم کے تحت عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر خودکش حملوں پر جمعہ کو ملک بھر میں یوم سوگ منایا گیا

## شہداء کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات، نائن زیرو اور اہم شاہراہوں اور عمارتوں پر سیاہ پرچم آویزاں کئے گئے

## قرآن خوانی کے اجتماعات میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس قائم خانی واراکین رابطہ کمیٹی، وزراء حق پرست پارلیمنٹرین کی شرکت

کراچی۔۔۔8، اکتوبر 2010ء

کراچی میں عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر خودکش حملے کے المناک سانحہ پر متحدہ قومی موومنٹ کے تحت جمعہ کو کراچی سمیت ملک بھر میں ایک روزہ پرامن یوم سوگ منایا گیا اس سلسلے میں عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر خودکش حملوں کے نتیجہ میں شہید ہونے والے افراد اور سانحہ 8 اکتوبر کے زلزلے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے جس میں شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا جبکہ کراچی سمیت ملک بھر میں اہم مقامات ، چوراہوں، شاہراہوں اور بلند عمارتوں پر سیاہ پرچم لہرائے گئے اور احتجاجی بینرز آویزاں کیے گئے، ایم کیوایم کی جانب سے پرامن یوم سوگ کی اپیل پر کراچی اور دیگر شہروں میں عوام کی جانب سے مکمل جبکہ ملک کے بیشتر شہروں میں کاروباری سرگرمیاں اور ٹرانسپورٹ جزوی طور پر بند رہی۔قرآن وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی، دیگر اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست سینیٹرز، وفاقی وصوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اور نائن زیرو پر تنظیمی خدمات انجام دینے والے مختلف شعبہ جات کے ارکان کے علاوہ ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردعوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی۔کراچی کی طرح اندرون سندھ حیدرآباد، میرپورخاص ،نوابشاہ ، سانگھڑ، ٹنڈوالہیار، گھوٹکی، سکھر، لاڑکانہ، جیکب آباد، ٹھٹھہ، نوشہروفیروز ،خیرپور، شکارپور ،دادو، قمبر شہدادکوٹ ،کشمور، بدین، عمرکوٹ، جامشورو زونل دفاتر جبکہ صوبہ پنجاب کے شہر لاہور، ملتان، راولپنڈی، فیصل آباد، گجرانوالہ، خیبر پختونخواہ، بلوچستان اور گلگت بلتستان سمیت آزاد کشمیر میں کارکنان کی جانب سے ایم کیوایم کے صوبائی وضلعی دفاتر میں بھی قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے بڑے اجتماعات منعقد کیے گئے جس میں مقامی ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردعوام کے علاوہ منتخب حق پرست عوامی نمائندوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر خودکش حملے کے شہداء اور سانحہ 8 اکتوبر 2005ء آزاد کشمیر میں زلزلے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کی مغفرت، ان کے بلند درجات، سوگواران کے صبر جمیل، ملک سے دہشت گردی کے خاتمے، ملکی سلامتی، عوام کے جان ومال کے تحفظ اور بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی سمیت قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے خصوصی اجتماعی دعائیں کی گئیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بروز اتوار کو تقریب کا انعقاد کیا جائے

## تقریب سے قائد تحریک الطاف حسین خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔8، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کیجانب سے 10 اکتوبر 2010ء بروز اتوار شام 4:00 بجے بمقام فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں واقع مرکزی دفتر میں تقریب کا انعقاد کیا جارہا ہے۔تقریب سے بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کرینگے۔

## متحدہ بنگش آرگنائزیشن کے چیئرمین تاج بنگش، کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر تعزیت اور افسوس کا اظہار

کراچی۔۔۔8، اکتوبر 2010ء

متحدہ بنگش آرگنائزیشن کے چیئرمین تاج بنگش، صدر ملک منیر بنگش اور جنرل سیکریٹری گلزار حسین (ر) کی سربراہی میں وفد نے صوبہ خیبر پختونخواہ کے علاقے کوہاٹ سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور گلفراز خان خٹک سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی سے گفتگو کرتے ہوئے متحدہ بنگش آرگنائزیشن کے تاج بنگش اور دیگر نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت یقیناً ایک بڑا سانحہ ہے اور ان کی شہادت پر ایم کیوایم سمیت قوم بھی افسردہ ہے۔وفد کے ارکان نے برطانوی حکومت سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ ڈاکٹر عمران فاروق کے قاتلوں کو گرفتار کر کے قانون کے

مطابق کڑی سزا دے۔ بعدازاں انہوں نے ڈاکٹرعمران فاروق کی مغفرت ،ان کے بلند درجات اور قائد تحریک الطاف حسین سمیت شہید کی بیوہ، بچوں، والدین ، بھائی بہنوں اور ایم کیوایم کے ایک ایک کارکن کو صبرجمیل کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور گلفراز خان خٹک نے متحدہ بنگش آرگنائزیشن کے وفد کے ارکان کی کوہاٹ سے نائن زیرو آمد پر شکریہ ادا کیا۔

## ممتاز سماجی کارکن شعیب پپو نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ایک ٹرک امدادی سامان عطیہ کیا

کراچی۔۔۔8اکتوبر2010ء

ٹرسیر ٹریکنگ کمپنی کے مالک اور ممتاز سماجی کارکن شعیب پپو نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر سیلاب زدگان کی امداد کے لئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بڑی مقدار میں آٹے، چاول، دالیں، بیسن، شکر اور پینے کا صاف پانی سمیت دیگر غذائی اجناس پر مشتمل ایک ٹرک عطیہ کیا۔ امدادی سامان گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی رکن شاہد لطیف نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں شعیب پپو سے وصول کیا اور ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امدادی ٹرک سیلاب زدگان کی امداد کے لئے روانہ کردیا۔

## سندھ پیرامیڈیکل اسٹاف سندھ کے مرکزی عہدیداران کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔8،اکتوبر،2010ء

سندھ پیرامیڈیکل اسٹاف مرکزی صدر محمد مشرف کی سربراہی میں مرکزی عہدیداران کے وفد نے جمعرات کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا تعزیتی دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات کرکے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر تعزیت وافسوس کا اظہار کیا۔ وفد میں اخلاق احمد خان ، سید اسلام الدین شاہ بخاری، جاوید مرزا، محمد سلیم بھٹی، طارق حسین منگی، اے ڈی نارنجو، نور محمد نوناری، ارشاد دلاور، مبشر احمد بھٹو، عزیز احمد، رحمت خان، محمد مراد بلوچ، محمد حسین ، محمد یونس انڑ اور قادر بخش پیرزادہ کے علاوہ دیگر شامل تھے۔ وفد نے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت بڑا سانحہ ہے جس سے ملک ایک سچے اور بہادر رہنماء سے محروم ہوگیا یہ کسی ایک جماعت کا نہیں بلکہ پوری قوم کا نقصان ہے۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سمیت ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی بیوہ، بچوں، والدین، بھائی بہنوں اور دیگر عزیز واقارب کے صبرجمیل کیلئے دعائیں بھی کیں۔ اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس نے سندھ پیرامیڈیکل اسٹاف کے وفد کی تعزیت کیلئے نائن زیرو آمد پر وفد کا شکریہ ادا کیا۔

## کامیابی الطاف حسین کا مقدر ہے، ایم کیوایم بلاامتیاز رنگ ونسل عوام کی خدمت کررہی ہے، سیف الدین خالد
## پی ایس 94 کے ضمنی انتخاب کے سلسلے اورنگی ٹاؤن میں کارنر میٹنگ سے خطاب، معززین وعوام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔8،اکتوبر،2010ء

پی ایس 94 کے ضمنی انتخاب میں ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے کہا ہے کہ کامیابی الطاف حسین کا مقدر ہے جو ایم کیوایم کے قدم چومے گی ،ایم کیوایم بلاامتیاز رنگ ونسل غریب عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ان کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے، حق پرست قیادت نے جس طرح ملک وقوم کی خدمت کی ہے وہ کھلی کتاب کی طرح عوام کے سامنے ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز اورنگی ٹاؤن سرکل آفس میں کارنر میٹنگ سے خطاب کے دوران کیا۔ کارنر میٹنگ میں اورنگی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کے بزرگوں، نوجوانوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور سیف الدین خالد کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ اپنے خطاب میں سیف الدین خالد نے کہا کہ 17 اکتوبر کا دن ثابت کردے گا اورنگی ٹاؤن قائد تحریک الطاف حسین کا مضبوط قلعہ ہے جہاں کے عوام کے دل الطاف حسین کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انہوں نے حق پرست عوام اپیل کی کہ وہ بلاتاخیر 17 اکتوبر کو صبح سے پولنگ اسٹیشن پہنچ کر اپنا ووٹ کاسٹ کریں اور اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے قائد تحریک الطاف حسین کو 17 اکتوبر کو اپنی جیت کا تحفہ پیش کریں گے۔ بعدازاں انہوں نے اورنگی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور علاقوں کے معززین اور عوام سے ملاقات کرکے ان کے مسائل معلوم کیے۔ اس موقع پر اورنگی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان اور یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سیف الدین خالد نے اورنگی کے پاکستان بازار کی تاجر برادری سے ملاقات

کی۔اس موقع پر تاجروں نے سیف الدین خالد کا پرجوش انداز میں استقبال کیا اور جئے الطاف، جئے متحدہ اور حق پرستوں کی کامیابی کے فلک شگاف نعرے لگائے جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن اکیڈمک اینڈ سوشل سرکل کے تحت میڈیکل کے طلباء و طالبات کیلئے پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد 10 اکتوبر بروز اتوار نیپا چورنگی پر واقع کوصادقین لان میں ہوگا

کراچی۔۔۔8، اکتوبر 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹرای اکیڈمک اینڈ سوشل سرکل کے تحت میڈیکل کے طلباء و طالبات کیلئے پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد 10 اکتوبر بروز اتوار کی صبح 10:00 بجے نیپا چورنگی پر واقع صادقین لان میں منعقد کیا جائیگا۔اس پری انٹری ٹیسٹ کے ذریعے میڈیکل کے خواہشمند طلباء و طالبات کو میڈیکل کالجز اور جامعات میں با آسانی داخلے لینے کیلئے سیلف اسسمنٹ کی تیاری میں مدد ملے گی۔ پری انٹری ٹیسٹ میں حصہ لینے کیلئے خواہشمند طلباء و طالبات درخواست فارم انیس حسین، سرجی کوچنگ سینٹر کی کسی بھی برانچ سے 9 اکتوبر 2010 تک حاصل کرسکتے ہیں۔

## الطاف حسین نے ہمیشہ اتحادِ بین المسلمین کا درس دیا ہے، رابطہ کمیٹی
## امن وامان کے قیام کیلئے ایم کیوایم تمام مذہبی جماعتوں کیساتھ ملکر فرقہ وارانہ فسادات کیخلاف اپنا کردار ادا کرتی رہے گی
## دہشت گردی کے واقعات میں جو عناصر بھی ملوث ہیں وہ کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، مفتی نعیم
## رابطہ کمیٹی کے ارکان کی مفتی نعیم سے ملاقات، مولانا امین الرحمٰن کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کراچی۔۔۔8، اکتوبر، 2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری، وسیم آفتاب، کنور نوید جمیل نے گزشتہ روز سائٹ کے علاقے میں واقع جامعہ بنوریہ عالیہ میں مفتی نعیم سے ملاقات کی اور مولانا امین الرحمٰن کی شہادت پر جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزراء رؤف صدیقی، خالد بن ولایت، ایم کیوایم علماء کمیٹی کے ارکان مولانا فیروز الدین رحمانی اور ناصر یامین بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مولانا امین الرحمٰن کی شہادت پر شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ کھلی دہشت گردی ہے اور اس میں ملوث دہشت گرد عناصر انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ شہر کے امن وامان کو تباہ کرنے اور فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش ہے بعض دہشت گرد عناصر شہر میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور اہم شخصیات کو ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے شہید کررہے ہیں وہ اپنے مذموم عزائم ومقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی سالوں سے جاری شہر میں دہشت گردی کیخلاف ایم کیوایم نے باحیثیت اتحادی جماعت حکومت کی اعلیٰ شخصیات سے بار ہا مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں جاری ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اتحادِ بین المسلمین کا درس دیا ہے اور ایم کیوایم تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام کا دل سے احترام کیا ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مفتی نعیم کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ شہر میں امن وامان کے قیام کیلئے ایم کیوایم تمام مذہبی جماعتوں کیساتھ ملکر فرقہ وارانہ فسادات کیخلاف اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔شعیب احمد بخاری، وسیم آفتاب اور کنور نوید جمیل نے مفتی نعیم سے مولانا امین الرحمٰن کی شہادت پر شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر مفتی نعیم نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے شہر میں امن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ بعض سیاسی جماعتوں میں امن دشمن عناصر مذہبی جماعتوں میں شامل ہوکر فرقہ وارانہ فسادات کو فروغ دینا چاہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام کا قتل جیسے گھناؤنے عمل کررہے ہیں تاکہ آپس میں دست وگریباں کرایا جائے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات میں جو عناصر بھی ملوث ہیں وہ کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت مولانا امین کے قاتلوں کو گرفتار کرکے انہیں کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے۔بعدازاں مفتی نعیم نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مذہبی فرقہ وارانہ فروغ کیلئے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور تعاون کرنے پر انکا شکریہ ادا کیا۔

## سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی نشاط ملک شہید کی والدہ اصغری بیگم کو سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی۔۔۔8،اکتوبر2010ء

سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی نشاط ملک شہید اور ایم کیو ایم کے کارکن انبساط ملک کی والدہ اصغری بیگم کو یٰسین آباد قبرستان میں سینکڑوں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کر دیا گیا ۔مرحومہ کی نمازِ جنازہ مسجد احسن العلوم گلشن اقبال میں ادا کی گئی۔نمازِ جنازہ و تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر انیس احمد قائمخانی،رکن رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس،حق پرست ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی سمیت ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## معروف شاعر ادیب انیس ناگی کے انتقال پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔8،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے معروف شاعر ادیب انیس ناگی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے آمین۔علاوہ ازیں متحدہ سوشل فورم کے ارکان نے بھی انیس ناگی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی۔

☆☆☆☆☆